حصّہ دوم	سوال نمبر 4: سوال نمبر 5: سوال نمبر 6: مفصل جوابی سوالات	2×8= 16 کل نمبر 16	کتاب کی مشقوں میں دیے گئے مفصل جوابی سوالات میں سے ہی تین (3) سوالات دیے جائیں اور ان میں سے کوئی سے دو سوالوں کا جواب پوچھا جائے۔ ہر سوال کا جواب آٹھ (8) نمبر پر مشتمل ہوگا۔ ان تین (3) سوالوں کا انتخاب درج ذیل ترتیب کے مطابق کیا جائے: سوال نمبر 4: باب اوّل یا باب پنجم سے لیا جائے۔ سوال نمبر 5: باب دوم سے لیا جائے۔ سوال نمبر 6: باب ششم سے لیا جائے۔

ماڈل پرچہ مطالعہء پاکستان برائے جماعت بارھویں (انٹر پارٹ-II)

وقت: 2 گھنٹے　　کل نمبر: 50

حصہ معروضی (کثیر الانتخابی سوالات)

سوال 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پہ درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرے کو مار کر یا پین سے بھر دیں۔　　10 =10 × 1

(i) قراردادِ مقاصد 1949ء پیش کرنے والے وزیر اعظم کا نام ہے:

(الف) خواجہ ناظم الدین　(ب) محمد علی بوگرہ　(ج) چودھری محمد علی　(د) لیاقت علی خاں

(ii) برصغیر میں جداگانہ انتخاب کے اصول کو نافذ کیا گیا:

(الف) 1907ء میں　(ب) 1908ء میں　(ج) 1909ء میں　(د) 1910ء میں

(iii) شہریوں کو جائیداد بنانے اور نجی جائیداد رکھنے کا حق جس زمرے میں آتا ہے:

(الف) معاشرتی حقوق　(ب) معاشی حقوق　(ج) مذہبی حقوق　(د) ثقافتی حقوق

(iv) حکومتِ پاکستان اور اقوامِ متحدہ نے یو این پائیدار ترقی کے فریم ورک پر دستخط کیے:

(الف) 2016ء میں　(ب) 2018ء میں　(ج) 2020ء میں　(د) 2022ء میں

(v) ایلیمنٹری تعلیم کا دورانیہ ہے:

(الف) چھے سال　(ب) سات سال　(ج) آٹھ سال　(د) نو سال

(vi) پاکستان نے پہلی مرتبہ ہاکی کا ورلڈ کپ جیتا:

(الف) 1971ء میں　(ب) 1972ء میں　(ج) 1973ء میں　(د) 1974ء میں

(vii) بھولو پہلوان کو حکومت پاکستان کی جانب سے تمغائے امتیاز سے نوازا گیا:

(الف) 1960ء میں (ب) 1962ء میں (ج) 1964ء میں (د) 1965ء میں

(viii) بھارت نے جموں وکشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کی:

(الف) 1965ء میں (ب) 1971ء میں (ج) 1999ء میں (د) 2019ء میں

(ix) بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (IMF) کا مرکزی دفتر ہے:

(الف) امریکا میں (ب) برطانیہ میں (ج) روس میں (د) چین میں

(x) دوسری اسلامی سربراہی کانفرنس لاہور میں منعقد ہوئی:

(الف) 1972ء میں (ب) 1973ء میں (ج) 1974ء میں (د) 1977ء میں

حصہ معروضی (حصہ اوّل)

سوال 2: درج ذیل میں سے چھ سوالات کے مختصر جوابات دیں۔ (2 × 6 = 12) نمبر

(i) جدیدیت کسے کہتے ہیں؟ (ii) دولت کی منصفانہ تقسیم سے کیا مراد ہے؟

(iii) رواداری کا مفہوم تحریر کریں۔ (iv) دوقومی نظریہ سے کیا مراد ہے؟

(v) حقوق کی تعریف لکھیں۔ (vi) خوراک میں خود کفالت اہمیت تین سطروں میں تحریر کریں۔

(vii) پاکستان میں چائلڈ لیبر اور کم عمر کے افراد کے روزگار کے خاتمے کے لیے حکومتی سطح پر کیے گئے دو اقدامات تحریر کریں۔

(viii) اسلامی نظریاتی کونسل کے فرائض بیان کریں۔ (ix) 1962ء کے آئین کی منسوخی کی وجہ بتائیں۔

سوال 3: درج ذیل میں سے چھ سوالات کے مختصر جوابات دیں۔ (2 × 6 = 12) نمبر

(i) خصوصی افراد کی تعلیم کیا ہوتی ہے؟ (ii) پاکستان میں سیاحت کے فروغ کے لیے دو تجاویز پیش کریں۔

(iii) قومی یکجہتی کا مفہوم تحریر کریں۔ (iv) پیشہ ورانہ اور عام تعلیم میں کیا فرق ہے؟

(v) انفارمیشن ٹیکنالوجی سے کیا مراد ہے؟ (vi) کھیل سے حاصل ہونے والے ذہنی فوائد بیان کریں۔

(vii) خارجہ پالیسی کی تعریف تحریر کریں۔ (viii) پاکستان اور عوامی جمہوریہ چین کے اقتصادی راہ داری منصوبہ کیا ہے؟

(ix) مشرقِ وسطیٰ کا خطہ پاکستان کی معیشت کے لیے کیوں اہم ہے؟

حصہ انشائی (حصہ دوم)

نوٹ: درج ذیل میں سے کوئی سے دو سوالات کے تفصیلی جوابات دیں۔ (8 × 2 = 16) نمبر

4- اسلامی فلاحی ریاست کی تعریف اور اس کے فرائض بیان کریں۔

5- 1973ء کے آئین کی اسلامی دفعات کی وضاحت کریں۔

6- پاکستان کی خارجہ پالیسی کے بنیادی اصولوں کا تجزیہ کریں۔